Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل ، 25 اگست 2026ء ، 11 ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 128

گوجرانوالہ ییلو لائن ماس ٹرانزٹ کی تکمیل کیلئے ڈیڈ لائن مقرر

31.5 کلومیٹر طویل گوجرانوالہ ییلو لائن پر 25 سٹیشن قائم کیے جائیں گے، 2 انڈر گراؤنڈ سٹیشنز بھی شامل ہوں گے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ،گوجرانوالہ ییلو لائن ،فیصل آباد ماس ٹرانزٹ منصوبوں پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گوجرانوالہ ییلو لائن ماس ٹرانزٹ منصوبے کی تکمیل کے لئے مارچ 2027ء کی حتمی ڈیڈ لائن مقرر کر دی ۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں گوجرانوالہ ییلو لائن اور فیصل آباد ماس ٹرانزٹ منصوبوں پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں منصوبوں کی پیشرفت کا ڈرون فوٹیج کے ذریعے بھی معائنہ کیا (بقیہ نمبر 3 6)

ٹھٹھہ کے علاقے گھارو میں جدید ایکوا کلچر فارمز قائم

کسانوں کی آمدن، جدید آبی زراعت اور قومی معیشت کو فروغ ملے گا

فارمز کی مجموعی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔منصوبے سے برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

اسلام آباد(اے ایف پی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات جدید آبی زراعت، غذائی تحفظ اور برآمدات کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔اس سلسلے میں سندھ کے ضلع ٹھٹھہ کے علاقے گھارو میں جدید ایکوا کلچر فارمز قائم کیے(بقیہ نمبر 3 7)

آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام ڈاکٹر ہما بقائی کی طلبہ کیساتھ نشست

پاکستان قومی سلامتی اور معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ علاقائی سلامتی اور استحکام کیلئے بھی مسلسل اقدامات کررہا ہے

راولپنڈی (اے ایف پی) آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام میں پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی کی طلبا وطالبات کے ساتھ نشست ہوئی، پروگرام میں پاکستان بھر کے 21 مختلف سٹیشنز سے 6 ہزار 150 سے زائد طلبہ شریک ہیں۔(بقیہ نمبر 4 0)

سیکورٹی خدشات دفعہ 144 کے نفاذ میں 30 دن کی توسیع

ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (اے ایف پی) پنجاب حکومت نے سیکیورٹی خدشات کے پیشِ نظر صوبہ بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں مزید 30 روز کی توسیع کردی ہے، جس کے تحت کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار رہے گی۔ (بقیہ نمبر 3 9)

پاور سیکٹر کے افسران کی مفت بجلی سہولت ختم

متبادل الاؤنس دینے کا فیصلہ، مفت یونٹس کے بجائے 30 روپے فی یونٹ کے حساب سے رقم ادا کی جائے گی

اسلام آباد(اے ایف پی) حکومت نے پاور سیکٹر کے افسران کو 21 تک افسران کو بجلی کے متبادل الاؤنس کی ادائیگی کا فیصلہ کیا حاصل مفت بجلی کی سہولت ختم کرنے کے بعد گریڈ 17 سے ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 3 8)

ڈیرہ اسماعیل خان میں آبی تحفظ اور موسمیاتی پائیداری بہتر بنانے کے کیلئے بدری پونڈ کی بحالی کا آغاز

پاکستان میں موسمیاتی پائیداری کا نیا باب

72.9 ملین ڈالر کے ''ری چارج پاکستان'' منصوبے کے تحت ڈی آئی خان کے گاؤں برزوالی میں بدری پونڈ کی بحالی کا کام شروع کر دیا گیا ہے

اس اقدام سے پونڈ میں 20,000 کیوبک میٹر پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت پیدا ہوگی، علاقے کے 2,957 گھرانوں، مویشیوں اور مقامی حیاتیاتی تنوع کو پائیدار آبی تحفظ میسر آئے گا

اسلام آباد(این ای این) ڈیرہ اسماعیل خان کے گاؤں برزوالی میں واقع بدری پونڈ کی بحالی کا کام شروع ہوگیا ہے، جو "ری چارج پاکستان" منصوبے کے تحت ایک اہم سنگ میل ہے۔اس اقدام کا مقصد علاقے کے ایک اہم موسمی پانی کے نظام کو بحال کرنا اور ارد گرد کی آبادیوں کے لیے آبی تحفظ اور موسمیاتی پائیداری کو مضبوط بنانا ہے ۔ پاکستان کو درپیش بڑھتے ہوئے موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ماحول دوست حل میں سرمایہ کاری کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے ، ڈائریکٹر جنرل۔WWF پاکستان حماد نقی خان نے کہا:" پاکستان میں سیلاب اور خشک سالی ایک بدلتی ہوئی آب و ہوا کی علامات ہیں جو ہمارے لوگوں، ماحولیاتی نظام اور آبی وسائل پر دباؤ بڑھا رہی ہیں۔ اس (بقیہ نمبر 2)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مری کا نیو مری بیوٹیفیکیشن منصوبے کا اچانک دورہ

کامران صغیر نے منصوبے کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا باریک بینی سے جائزہ لیا

دورے کا مقصد سیاحتی مقام پر صفائی ستھرائی، سہولیات اور انفراسٹرکچر کی بہتری کو یقینی بنانا تھا تاکہ سیاحوں کو بہترین ماحول فراہم کیا جاسکے

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل (اے ڈی سی جی) مری، کامران صغیر نے نیو مری بیوٹیفیکیشن منصوبے کا اچانک دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے منصوبے کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔اے ڈی سی (بقیہ نمبر 7)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل (اے ڈی سی جی) مری، کامران صغیر نے نیو مری بیوٹیفیکیشن منصوبے کا اچانک دورہ کررہے ہیں

راولپنڈی ڈویژن سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد نسل نو کی کردار سازی پر زور

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت، نوجوان نسل کے درپیش چیلنجز کا حل تعلیماتِ نبوی ﷺ میں ہے

سیرتِ رسول اکرم ﷺ کے پیغام کو عام کر کے معاشرے میں امن، بھائی چارے اور مثبت اقدار کو فروغ دیا جائے گا، مقررین

''نسلِ نو کا تحفظ اور کردار سازی'' کے مرکزی موضوع پر پولیس وانتظامیہ کے اعلیٰ افسران، علماء ومشائخ اور تاجر رہنماؤں کے خطابات

راولپنڈی (این ای این) محکمہ اوقاف و مذہبی امور راولپنڈی زون کے زیر اہتمام ڈویژنل سطح کی ایگزیکٹو کانفرنس بسلسلہ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ ہوٹل میں منعقد ہوئی ۔ زونل سیرت النبی کانفرنس میں وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، مفتی انتخاب نوری، ملک ابرار ایم این اے، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا، سی پی او مشتاق سکھیرا، اے ڈی جی سی ہیڈ کوارٹر عبدالرحمن خان، ایڈیشنل کمشنر منصور احمد خان، پیر سعادت علی شاہ چورہ شریف، پیر سعد الرحمٰن عیدگاہ شریف، پیر سرکار جی (بقیہ نمبر 6)

محکمہ اوقاف مذہبی امور راولپنڈی ڈویژن کے زیر اہتمام منعقدہ زونل سیرت کانفرنس کے موقع پر وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، مفتی انتخاب نوری، پیر سرکار جی، صاحبزادہ سعد الرحمٰن، آر پی او بابر سرفراز الپا، پیر سید سعادت علی شاہ مہمر قومی اسمبلی ملک ابرار احمد سید چراغ الدین شاہ و دیگر خطاب کررہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار چار روزہ دورے پر برطانیہ پہنچ گئے

برطانوی وزیر خارجہ ایڈملی بینڈ سمیت برطانوی حکام سے بھی ملاقاتیں متوقع

لندن (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار لندن پہنچ گئے، برطانوی ہم منصب سے ملاقات متوقع ہے۔وزارت خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار 28 اگست تک برطانیہ کا سرکاری دورہ کررہے ہیں، ان کی برطانوی وزیر خارجہ ایڈملی بینڈ سمیت برطانوی حکومت کے دیگر اعلیٰ حکام سے بھی ملاقاتیں متوقع ہیں۔انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کے سیکریٹری جنرل سے ملاقات میں اسحاق ڈار صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال پاکستانی (بقیہ نمبر 2 5)

شوہر اور بیٹیوں پر تشدد کا مقدمہ، ملزمہ کی ضمانت منظور

اسلام آباد(آئی آئی پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے شوہر اور بیٹیوں پر تشدد کے مقدمے میں نامزد خاتون کی ضمانت منظور کرلی۔اس حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو نے 8 صفحات کا فیصلہ جاری کردیا جس کے مطابق 2 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 3 5)

ڈائریکٹر آپریشنز نارتھ اعجاز احمد کا چارج سنبھالنے کے بعد پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی کے دفتر کا دورہ

ملاوٹ مافیا کے خاتمے کے عزم کا اظہار

شعبہ جات کے سربراہان کی جانب سے کارکردگی اور ورکنگ پر اوریئنٹیشن بریفنگ ،افسران وعملے کو مزید محنت اور لگن سے کام کرنے کی ہدایت

انسانی صحت سے کھیلنے والوں سے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی، ڈائریکٹر آپریشنز نارتھ اعجاز احمد کی سخت وارننگ

راولپنڈی (این ای این) پنجاب فوڈ اتھارٹی میں بطور ڈائریکٹر آپریشنز نارتھ چارج سنبھالنے کے بعد اعجاز احمد نے پی ایف اے راولپنڈی کے دفتر کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے آپریشنز ونگ، پبلک ریلیشنز (پی آر) ونگ، لائسنسنگ ونگ، ٹریننگ ونگ اور میڈیکل اسکریننگ ونگ لیبارٹری سمیت تمام شعبہ جات کے کام کا معائنہ کیا۔دورے کے دوران تمام ونگز کے سربراہان نے ڈائریکٹر آپریشنز (بقیہ نمبر 5)

لاہور ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے صدر علی خان ترین گورنمنٹ گرلز بیوٹ کالج سول لائنز میں جدید کمپیوٹر لیب کا افتتاح کررہے ہیں

حنا جاوید قتل کیس، مقتولہ کی پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آگئی

راولپنڈی (آئی آئی پی) راولپنڈی کے علاقے لال کرتی میں حنا جاوید قتل کیس میں مقتولہ کی ابتدائی پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آگئی۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق 45 سال کی حنا جاوید کی گردن کی کی ہڈی ٹوٹی ہوئی تھی ،مقتولہ کی پسلیوں اور کولہے کی ہڈی پر زخم کے نشان موجود تھے،حنا جاوید کا پیر ریکارڈیم دل خون سے بھرا ہوا تھا۔رپورٹ کے مطابق حنا جاوید کا پوسٹ مارٹم (بقیہ نمبر 4 5)

عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے ایم پی اے راجہ حنیف ڈائریکٹر محمد شکور اور انعم خالد کے ہمراہ عظیم اقبال کی خطاطی کی نمائش کا افتتاح کررہے ہیں

جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر شاندار خطاطی نمائش کا انعقاد

سیرتِ طیبہ کامل رہنمائی اور خطاطی اسلامی تہذیب کا حسین پہلو ہے، مہمانِ خصوصی چیئرمین سی ایم آئی ٹی راجہ محمد حنیف کا خطاب

معروف سینئر آرٹسٹ عظیم اقبال کے قرآنی آیات، اسمائے مبارکہ اور نعتیہ کلام پر مبنی فن پاروں کی نمائش؛ شائقین کی بھرپور پذیرائی

ڈائریکٹر محمد شکور کا تمام مہمانوں کا شکریہ، نئی نسل کو اسلامی فنون سے روشناس کرانے کے لیے ایسی تقریبات جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (این ای این) وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کے زیرِ اہتمام جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک شاندار خطاطی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔تقریب کے مہمانِ خصوصی چیئرمین سی ایم آئی ٹی راجہ محمد حنیف نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرتِ طیبہ اور تعلیمات ہمارے لیے کامل رہنمائی کا ذریعہ (بقیہ نمبر 1)

پنجگور، دو گاڑیوں میں تصادم، 5 افراد جاں بحق، دو زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں تربت روڈ گوران میں دو گاڑیوں میں تصادم کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق حادثے میں 2 بچے زخمی (بقیہ نمبر 4 2)

نامعلوم شخص کو قبرستان میں ایک درخت کیساتھ باندھ دیا گیا

ورثاء کو قانون کی گرفت میں نہ لانا انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے تھانہ ہرنولی کی حدود میں ایک نامعلوم شخص کو قبرستان میں ایک درخت کے ساتھ باندھ کر رکھا گیا، یہ شخص دن، رات سردی گرمی بارش ژالہ باری اور کڑکتی دھوپ میں بھی درخت ساتھ بندھا رہتا ہے، ذرائع کے مطابق مبینہ (بقیہ نمبر 4 1)

جشن عید میلاد النبی ﷺ بھرپور طریقے سے منائی جائیگی: مفتی انتخاب احمد نوری

علمائے کرام نے ہمیشہ امن کے فروغ کے لیے اپنا عملی کردار ادا کیا ہے، کمشنر راولپنڈی ویژن سلمان غنی

ڈی سی آفس راولپنڈی میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پر امن انتظامات بارے جائزہ اجلاس

راولپنڈی (این ای این) ڈی سی آفس راولپنڈی میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پر امن انتظامات بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں چیئرمین متحدہ بورڈ ممبر نظریاتی کونسل پنجاب مفتی انتخاب احمد نوری، کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی، آر پی او بابر سرفراز الپا نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس میں ڈی سی راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر، سی پی او راولپنڈی مسٹر سلمان غنی، ایڈیشنل کمشنر (جنرل) راولپنڈی ڈویژن سکندر حیات میکن، ایڈیشنل کمشنر (کمپلینٹ) راولپنڈی ڈویژن مسز شکیلہ نسیم، ڈی آئی جی آپریشنز راولپنڈی ریجن سید علی رضا، ڈی آئی جی ٹریفک راولپنڈی ریجن سید ساجد حسین بخاری، ڈی آئی جی ایس پی یو راولپنڈی ریجن ڈاکٹر سید اکبر حسین درانی

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بارشیں اور انتظامی نقائص

ملک بھر میں مون سون بارشوں کا سلسلہ ہے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق گزشتہ دو ماہ سے جاری مون سون بارشوں اور متعلقہ حادثات میں 160 سے زائد افراد جاں بحق جبکہ سینکڑوں زخمی ہو چکے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کابینہ کو متاثرہ علاقوں کے ہنگامی دورے کرنے اور متاثرین کی فوری امداد اور بجلی و سڑکوں کے نظام کی بحالی کی ہدایات تو کی ہیں مگر اعلیٰ سطحی احکامات اور زمینی انتظامات میں گہرا تضاد دیکھنے کو مل رہا ہے۔ اس انتظامی غفلت کا سب سے بڑا ثبوت اسلام آباد اور راولپنڈی ہے' جہاں گزشتہ ایک ہفتے سے جاری بارشوں کے دوران متعدد علاقے زیرآب آ گئے اور چند گھنٹوں کی بارش نے جڑواں شہروں کے مواصلاتی نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا۔

یہ صورتحال اس لیے زیادہ تشویشناک ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے ہائی الرٹ اور شہری سیلابوں کی پیشگی وارننگز کے باوجود کوئی ٹھوس انتظامی پلان دیکھنے میں نہیں آیا۔ اس تناظر میں دور دراز کے پسماندہ اضلاع کی صورتحال کا اندازہ لگانا مشکل نہیں' جہاں چھ سو ٹن سے زائد امدادی سامان پہنچانے کے دعوے تو کیے جا رہے لیکن اب بھی ہزاروں خاندان بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔ حکومت کو اب روایتی اقدامات سے باہر نکلنا ہو گا۔ جب تک نکاسی آب کے فرسودہ نظام کو درست نہیں کیا جاتا بارشوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصان کی روک تھام ممکن نہیں۔

پاکستان کا نیا دفاعی منظر نامہ

سردار عبدالخالق وحی

ریاستوں کے درمیان اتحاد اور شراکت داری کسی ایک نظریے یا جذبے کا نام نہیں۔ ان کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ شریک ممالک اپنی مختلف النوع طاقتوں کو کس حد تک ایک دوسرے کی تکمیل میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ یہی وہ نکتہ ہے جہاں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی موجودہ شراکت داری ایک غیر معمولی اہمیت اختیار کرتی ہے۔

پاکستان ایٹمی صلاحیت، تجربہ کار مسلح افواج، دفاعی تجربے اور انتہائی اہم جغرافیائی محلِ وقوع کا حامل ہے۔ ترکیہ جدید دفاعی صنعت، ڈرون ٹیکنالوجی، صنعتی استعداد، عسکری تجربے اور ایک مضبوط دفاعی پیداوار کے نظام کے باعث اہم علاقائی طاقت بن چکا ہے۔ سعودی عرب غیر معمولی معاشی قوت، توانائی کے وسائل، عالمی مالیاتی اہمیت اور مسلم دنیا میں منفرد مذہبی و سیاسی حیثیت رکھتا ہے۔ ان تینوں ممالک کی طاقتیں ایک جیسی نہیں بلکہ مختلف ہیں، اور یہی اختلاف ان کی ممکنہ شراکت داری کو زیادہ بامعنی بناتا ہے۔ ایک کی طاقت دوسرے کی ضرورت پوری کر سکتی ہے۔

یہیں سے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی اسٹریٹجک بصیرت کی اصل اہمیت سامنے آتی ہے۔

عاصم منیر کے زیرِ قیادت پاکستان کے دفاعی تصور کو محض روایتی عسکری طاقت تک محدود کر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ جدید جنگ میں دفاع صرف سرحدوں پر فوج کھڑی کرنے کا نام نہیں؛ یہ انٹیلی جنس، ٹیکنالوجی، سائبر استعداد، معیشت، سفارت کاری، دفاعی پیداوار، اطلاعاتی قوت اور قابلِ اعتماد شراکت داری کا مجموعہ ہے۔ ایک ریاست جتنی زیادہ اپنی مختلف قومی قوتوں کو مربوط کرتی ہے، اتنی ہی اس کی اسٹریٹجک خودمختاری بڑھتی ہے۔

یہی وہ سوچ ہے جس کے تحت پاکستان نے اپنی دفاعی صلاحیت کو دوست اور برادر ممالک کے ساتھ وسیع تر شراکت داری میں تبدیل کرنے کی سمت قدم بڑھایا ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ دفاعی تعلقات کو نئی اسٹریٹجک جہت ملی، ترکیہ کے ساتھ دفاعی صنعتی اور عسکری تعاون میں وسعت آئی، اور اعلیٰ سطحی سیاسی و عسکری رابطوں نے تینوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد کو مزید مضبوط کیا۔

اس عمل کی ایک اہم منزل 7 اگست 2026 کو مکہ مکرمہ میں طے پانے والا مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے اس معاہدے کے مطابق ایک رکن پر مسلح حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا، اور پاکستان کے مطابق اس کا مقصد اجتماعی بازdeterrence کو مضبوط بنانا ہے۔

اس معاہدے کی اصل اہمیت صرف اس کی ایک شق میں نہیں بلکہ اس کے پیچھے موجود اسٹریٹجک سوچ میں ہے۔ یہ اس امکان کو عملی شکل دیتا ہے کہ تین مختلف نوعیت کی قومی طاقتیں اپنی خودمختاری برقرار رکھتے ہوئے ایک دوسرے کی سلامتی کو اپنی سلامتی سے جوڑ سکتی ہیں۔ اگر اس تعاون کو مشترکہ مشقوں، انٹیلی جنس، دفاعی پیداوار، ٹیکنالوجی، سائبر سکیورٹی، تربیت اور دفاعی منصوبہ بندی تک وسعت دی جاتی ہے تو یہ مستقبل کے ایک بڑے علاقائی اسٹریٹجک نظام کی بنیاد بن سکتا ہے۔

اسی تناظر میں ''مسلم نیٹو'' کی اصطلاح بھی زیرِ بحث آتی ہے۔ تاہم اسے فی الحال کسی مکمل اور باقاعدہ مذہبی فوجی اتحاد کے مترادف قرار دینا قبل از وقت ہوگا۔ زیادہ حقیقت پسندانہ تصور یہ ہے کہ مسلم ممالک اپنی قومی خودمختاری برقرار رکھتے ہوئے دفاع، انٹیلی جنس، ٹیکنالوجی، سائبر سکیورٹی، دفاعی پیداوار، توانائی، تجارت اور سفارت کاری میں ایسا تعاون پیدا کریں جس میں ایک کی سلامتی دوسرے کی قوت بن جائے۔ اگر مستقبل میں مکہ معاہدے کے دائرے سے ایک وسیع تر مسلم دفاعی فریم ورک وجود میں آتا ہے تو اس کی بنیاد محض مذہبی جذبات نہیں بلکہ مشترکہ خطرات، قومی مفادات، جغرافیائی ضرورتوں اور اجتماعی بازdeterrence پر ہوگی۔ مذہب اس تعلق کو تہذیبی اور اخلاقی بنیاد ضرور فراہم کرے گا، لیکن عملی طاقت مشترکہ صلاحیتوں اور مفادات سے پیدا ہوگی۔

یہی فرق ''مسلم نیٹو'' کو محض ایک جذباتی نعرے کے بجائے ایک سنجیدہ اسٹریٹجک امکان بناتا ہے۔ مقصد کسی کے خلاف جنگ کی تیاری نہیں بلکہ ایسی اجتماعی قوت پیدا کرنا ہے جو جنگ مسلط کرنے والوں کو جنگ سے باز رکھنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔ بالآخر مضبوط دفاع کا سب سے بڑا مقصد جنگ جیتنا ہی نہیں بلکہ جنگ کو روکنا بھی ہوتا ہے۔

پاکستان کے لیے اس تصور کی اہمیت اس لیے بھی زیادہ ہے کہ اس کا جغرافیہ اسے جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرقِ وسطیٰ اور بحرِ ہند کے درمیان ایک منفرد مقام فراہم کرتا ہے۔ پاکستان کی دفاعی قوت، ترکیہ کی دفاعی ٹیکنالوجی اور صنعتی استعداد، سعودی عرب کی معاشی قوت اور عالمی اثر و رسوخ اگر ایک مربوط اسٹریٹجک تصور کے تحت آگے بڑھیں تو یہ شراکت داری اپنے مجموعی وزن سے کہیں زیادہ اثر پیدا کر سکتی ہے۔

بھارت کے ساتھ حالیہ کشیدگی کے تجربے نے بھی واضح کیا ہے کہ جدید دفاع محض ہتھیاروں کی تعداد کا نام نہیں۔ قیادت، بروقت فیصلہ سازی، انٹیلی جنس، فضائی و میزائل دفاع، ٹیکنالوجی، سائبر استعداد، معاشی بنیاد اور سفارتی حمایت ایک ہی دفاعی نظام کے مختلف اجزا ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج پاکستان کی دفاعی حکمت عملی کو اس کی سفارتی اور اقتصادی حکمت عملی سے الگ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔

یہاں پاکستان کی موجودہ سیاسی و عسکری ہم آہنگی بھی غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ تین مرتبہ وزیراعظم رہنے والے نواز شریف کا طویل سیاسی تجربہ، علاقائی و عالمی معاملات میں ان کی بصیرت، وزیراعظم شہباز شریف کی حکومتی فعالیت اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کی سفارتی معاونت نے اس وسیع تر پالیسی کو سیاسی اور سفارتی پشت پناہی فراہم کی ہے۔ دوسری جانب فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی عسکری و اسٹریٹجک قیادت نے دفاعی قوت کو علاقائی شراکت داری اور اجتماعی سلامتی کے وسیع تر تصور سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

اس تناظر میں عاصم منیر کی بصیرت کا مفہوم محض یہ نہیں کہ پاکستان کے پاس مضبوط فوج ہونی چاہیے۔ اصل تصور اس سے کہیں وسیع ہے: پاکستان کی عسکری قوت کو ایسی قومی اور علاقائی اسٹریٹجک قوت میں تبدیل کرنا جو ملک کے سفارتی وزن، اقتصادی امکانات، علاقائی اثر اور اجتماعی سلامتی کی صلاحیت کو بھی بڑھائے۔

مکہ معاہدہ اس سفر کا اختتام نہیں بلکہ آغاز ہے۔ اصل امتحان اب یہ ہوگا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اس اعتماد کو کس حد تک مستقل ادارہ جاتی تعاون، مشترکہ دفاعی منصوبہ بندی، ٹیکنالوجی، دفاعی پیداوار، انٹیلی جنس، تربیت اور سفارتی ہم آہنگی میں تبدیل کرتے ہیں۔ اگر یہ عمل کامیاب ہوا اور دوسرے اہم مسلم ممالک بھی اپنے اپنے مفادات کے مطابق اس وسیع تر نظام سے جڑتے گئے تو مسلم دنیا کے لیے ایک نیا اسٹریٹجک آرکیٹیکچر تشکیل پا سکتا ہے۔

اور اس پورے عمل میں پاکستان کا کردار محض اس کی عسکری قوت کی وجہ سے اہم نہیں ہوگا بلکہ اس لیے بھی کہ پاکستان مختلف مسلم طاقتوں کے درمیان ایک قدرتی پل بن سکتا ہے۔ اس کا جغرافیہ، دفاعی تجربہ، ایٹمی صلاحیت، سفارتی روابط اور مسلم دنیا کے ساتھ تاریخی تعلقات اسے اس نئے منظر نامے میں ایک منفرد مقام دیتے ہیں۔

مذہب دلوں کو جوڑتا ہے، تہذیب رشتے بناتی ہے، جغرافیہ ضرورت پیدا کرتا ہے، معیشت باہمی انحصار پیدا کرتی ہے، مگر مشترکہ مفاد ریاستوں کو ایک میز پر بٹھاتا ہے؛ اور اسٹریٹجک بصیرت ان رشتوں، ضرورتوں اور مفادات کو طاقت میں تبدیل کرتی ہے۔

یہی عاصم منیر کے اسٹریٹجک وژن کی اصل معنویت ہے: پاکستان کی دفاعی طاقت کو محض سرحدوں کی حفاظت تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اسے سفارت کاری، علاقائی شراکت داری، قومی معیشت، ٹیکنالوجی اور اجتماعی سلامتی کے ساتھ جوڑ کر ایک ایسی جامع قومی قوت میں تبدیل کیا جائے جو پاکستان کو صرف اپنا دفاع کرنے کے قابل نہ بنائے بلکہ خطے کے امن، استحکام اور مستقبل کی تشکیل میں بھی مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنائے۔ گریہ وژن سیاسی تدبر، سفارتی فعالیت اور قومی اتفاقِ رائے کے ساتھ آگے بڑھتا ہے تو مکہ مکرمہ میں ہونے والا معاہدہ محض ایک دفاعی دستاویز نہیں رہے گا؛ یہ پاکستان کے نئے دفاعی اور اسٹریٹجک منظر نامے کے اس سفر کی ایک اہم علامت بن سکتا ہے جس میں اخوت جذبات سے آگے بڑھ کر مشترکہ مفاد، اور مشترکہ مفاد آگے بڑھ کر مشترکہ طاقت بن جاتا ہے۔

خورشید ندیم

یہ اچھی خبر ہے کہ عمران خان صاحب تندرست و توانا ہیں۔ اُن کی ایک آنکھ کو جو بیماری لاحق ہوئی تھی' وہ بھی تدریجاً رخصت ہو رہی ہے۔ ایک انجکشن اور لگے گا اور وہ بھی پوری طرح درست ہو جائے گی۔ الحمدللہ۔

یہ خبر ہم نے اُن کی بہن کی زبان سے سنی جو خود بھی ڈاکٹر ہیں۔ انہوں نے جس مسرت کے ساتھ یہ خبر سنائی اس نے خان صاحب کی صحت کے بارے میں پھیلی افواہوں کا خاتمہ کر دیا۔ اگر حکومتی ترجمان یہ کہتا تو قیل وقال کی گنجائش پیدا ہو سکتی تھی۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی۔ اس سے بھی یہ معلوم ہوا کہ انہیں جیل میں علاج کی سہولت میسر ہے۔ صحت کے مسائل کو انسانی نظر سے دیکھنا چاہیے' سیاست کی نظر سے نہیں۔ ڈاکٹر عظمیٰ صاحبہ کی گفتگو سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ عمران خان صاحب کی صحت کے بارے میں بے پر کی اڑائی جا رہی تھی۔ کسی نے انہیں مار دیا۔ کسی نے اندھا بنا دیا۔ اور کچھ نے تو ایسا زہر کھلانے کا شوشہ بھی چھوڑ دیا جو دھیرے دھیرے اثر کرتا ہے۔ فشارِ خون کا متوازن ہونا بتا رہا ہے کہ یہ بھی ایک افسانہ تھا' دیگر افسانوں کی طرح۔ اب لازم ہے کہ سیاست کو صحت سے الگ کر کے دیکھا جائے۔

سیاست کی باگ ہم نے تہذیب' نظریات اور اقدار کے ہاتھ سے لے کر جذبات کے ہاتھ میں تھما دی۔ جذبات بھی ایسے جو کسی قدر کو خاطر میں نہیں لاتے۔ اس کا حتمی نتیجہ ہمارے سامنے آ چکا۔ ہماری سیاست اب اصولی اختلاف نہیں' ذاتیات کی اسیر ہو گئی ہے۔ ایک دوسرے کی ذات کو زیرِ بحث لانا' ذاتی اخلاقیات کو موضوع بنانا' پست زبان کا استعمال' جھوٹی کہانیوں کا انتساب' یہ سب اس بازارِ سیاست کا مال ہے۔ اس کے علاوہ اس دکان پر اب شاید ہی کچھ مل سکے۔ کچھ وقت پہلے' صرف ایک جماعت کی اس پر اجارہ داری تھی۔ اس کی برتری آج بھی موجود ہے کہ اس فن میں اس کا کوئی حریف پیدا نہیں ہو سکا۔ لیکن اتنی تبدیلی اب ضرور آ گئی ہے کہ وہ بلامقابلہ جیت نہیں سکتی۔ دوسری جماعتیں بھی حسبِ توفیق اپنے فن کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ اور تو اور مذہبی جماعتوں کے کارکن بھی اب کم نہیں۔ ذرا مولانا فضل الرحمٰن اور حافظ نعیم الرحمٰن صاحب یا ان کی جماعتوں کے بارے میں کچھ کہہ کر دیکھیں۔ سوشل میڈیا کے اکاؤنٹس پر لفظوں سے جو نقش ونگار بنیں گے' آپ تنہائی میں بھی دیکھیں تو خود سے شرمندہ ہوں۔

سیاستدان بھی بیمار ہوتے ہیں۔ انہیں علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر سیاست کو ذاتیات سے جدا رکھا جائے تو کوئی معقول آدمی اس کا انکار نہیں کر سکتا۔ اگر وہ قیدی ہیں تو بھی اس حق سے محروم نہیں۔ اگر ہم سیاست اور علاج کو الگ کر سکیں تو اس معاملے میں کسی نزاع کا پیدا ہونا غیر ضروری ہے۔ لوگ نواز شریف صاحب اور خان صاحب کی صحت کا موازنہ بھی کر رہے ہیں۔ نواز شریف صاحب کی علالت دیرپا مانی ہوئی بات ہے۔ ان کے چہرے پر لکھا ہے۔ یہی معاملہ زرداری صاحب کا بھی ہے۔ انہیں دیکھ کر کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ صحت مند ہیں۔ نواز شریف صاحب کا جب علاج ہوا تو وہ ان کی ضرورت تھی۔ عمران خان ماشاء اللہ ہمیشہ صحت مند رہے ہیں۔ عمر بھر صحت ان کی پہلی ترجیح رہی۔ سیاست کے مصروف ترین دنوں میں بھی انہوں نے اپنی ورزش کبھی قضا نہیں کی۔ صحت کے ساتھ' وہ خوراک کے معاملے میں بھی بہت محتاط ہیں۔ اسی لائف سٹائل کی وجہ سے وہ بیماریوں سے محفوظ رہے۔ انہیں کچھ روحانی عوارض ضرور لاحق ہوئے لیکن جسم نے ان نفسیاتی مسائل سے بہت کم اثر قبول کیا' تاہم یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کوئی اثر نہ لیا ہو۔ اس پر مستزاد یہ کہ ان کی بڑھتی ہوئی عمر۔ وقت کے ساتھ پہلوانوں کے جسم بھی ناتواں ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ آج وہ جسے ظلم کہہ رہے ہیں' وہ یہی مسائل ہیں۔ تنہائی سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ کتابیں البتہ انہیں مل رہی ہیں جو تنہائی کا بہترین علاج ہے۔ تاہم کتاب انسانی صحبت کا متبادل نہیں۔

میرا احساس ہے کہ تحریکِ انصاف میں اگر بیرسٹر گوہر جیسے متحمل مزاج لوگوں کو موقع دیا جائے تو تنہائی کا یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ یہ عمران خان صاحب کی بدنصیبی ہے کہ انہیں دانشمند لوگوں کی رفاقت کم ہی میسر ہے۔ جس دور میں جہانگیر ترین جیسے لوگ ان کے ساتھ تھے وہ ان کی فتوحات کا دور تھا۔ جب انہوں نے ایسے لوگوں سے چھٹکارا پایا' ان کے مسائل بڑھتے چلے گئے۔ وہ ان لوگوں میں گھرتے چلے گئے جن کے پاس عقل و بصیرت نام کی کوئی شے نہیں پائی جاتی۔ ان کی سیاست نے مفاہمت کے دروازے بند کیے اور خان صاحب کے لیے مشکلات میں اضافہ کیا۔

یہ صورت حال بدل سکتی ہے۔ اقتدار کی سیاست میں جس کے ہاتھ میں طاقت ہوتی ہے اس سے معاملہ کرنا پڑتا ہے۔ اچھے سیاستدان وہی ہوتے ہیں جو عوامی طاقت کو ایک خوف کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ خود کو ریاست کے بالمقابل نہیں لا کر کھڑا کرتے۔ اس بات کو سمجھنے کے لیے مولانا فضل الرحمٰن کے اسلوبِ سیاست سے استفادہ کرنا چاہیے۔ جماعت اسلامی یہ تجربہ کر چکی۔ ان کی انتخابی طاقت کا ایک خوف اور بھرم تھا۔ جب اس نے انفرادی حیثیت میں انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا تو یہ خوف دم توڑ گیا۔ تحریکِ انصاف نے ناکام احتجاجی تحریکیں چلا کر اپنا بھرم اور خوف ختم کر دیا۔ ریاست پر یہ واضح ہو چکا کہ وہ احتجاج سے عمران خان کو رہا نہیں کرا سکتے۔ دانشمندی یہ ہے کہ اب تحریکِ انصاف کوئی اور راستہ اختیار کرے۔ اب اس کا ہدف صرف یہ ہو کہ عمران خان کا علاج ہو' اگر وہ بیمار ہیں اور ان کے رہائی کے لیے ریاست کا دل پسیجے۔ یہ کام دانشمندی سے ہوگا' زور سے نہیں۔

SHOWBIZ شوبز

پاکستان آئیڈل شاندار طریقے سے اختتام پذیر ہو گیا

ملک میں موسیقی کا سب سے بڑا مقابلہ پاکستان آئیڈل فیصل آباد کی حرا قیصر نے جیت لیا

لاہور (این این آئی) پاکستان میں موسیقی کا سب سے بڑا مقابلہ پاکستان آئیڈل فیصل آباد کی حرا قیصر نے جیت لیا۔ پاکستان آئیڈل شاندار طریقے سے اختتام پذیر ہو گیا۔ اختتامی تقریب میں پاکستان آئیڈل کے فاتح کا اعلان کیا گیا۔

ججوں کے متفقہ فیصلے کے سبب پاکستان آئیڈل 2026 کا ٹائٹل حرا قیصر نے اپنے نام کر لیا۔ سوپر فنالے میں سخت مقابلہ ہوا عالمی شہرت یافتہ گلوکار عاطف اسلم نے بھی خصوصی پرفارمنس دی، کراچی اور فیصل آباد کسینما میں خصوصی اسکریننگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ پاکستان آئیڈل کا ٹائٹل جیتنے والی حرا قیصر کا تعلق متوسط گھرانے سے ہے۔ انہوں نے پورے مقابلے میں شاندار پرفارمنس دکھا کر لوگوں اور ججوں کے دل جیتے۔ جیو نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے حرا قیصر کا کہنا تھا کہ اب وہ اپنے خواب پورے کریں گی۔

ڈاکٹر عنیہہ کی شوہر کیلئے گانا گانے کی ویڈیو، نئی بحث چھیڑ دی

ان کی گلوکاری پر سوشل میڈیا صارفین نے دلچسپ اور طنزیہ تبصرے شروع کر دیئے

کراچی (این این آئی) ماہر نفسیات اور میڈیا پرسنالٹی ڈاکٹر عنیہہ علی خان ایک بار پھر سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن رہی ہیں، تاہم اس بار وہ ان کا شوہر کے لیے گایا گیا گانا ہے۔ ڈاکٹر عنیہہ علی خان نے گزشتہ برس اپنے دیرینہ دوست حارث کھوکھر سے شادی کی تھی۔ دونوں کی ازدواجی زندگی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر مختلف مواقع پر بحث ہوتی رہی ہے اور حالیہ عرصے میں ان کے درمیان اختلافات اور صلح کی خبریں بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ حالیہ وائرل ویڈیو میں ڈاکٹر عنیہہ نے اپنے شوہر کے لیے گانا گایا۔ تاہم ان کی گلوکاری پر سوشل میڈیا صارفین نے دلچسپ اور طنزیہ تبصرے شروع کر دیے۔

جمشید انصاری کو مداحوں سے بچھڑے 21 برس بیت گئے

کچھ عرصہ برطانوی نشریاتی ادارے میں کام کیا اور ٹی وی پروڈکشن کے کورسز بھی کیے



لاہور (این این آئی) اداکار جمشید انصاری کو مداحوں سے بچھڑے 21 برس بیت گئے۔ جمشید انصاری 13 دسمبر 1942 کو بھارت کے شہر سہارن پور میں پیدا ہوئے، وہ چھ برس کے تھے کہ ان کا خاندان بھارت سے ہجرت کر کے کراچی منتقل ہو گیا۔ وہ گریجوایشن کرنے کے بعد برطانیہ چلے گئے جہاں انہوں نے کچھ عرصہ برطانوی نشریاتی ادارے میں کام کیا اور ٹی وی پروڈکشن کے کورسز بھی کیے۔ 1968 میں وطن واپس آ کر انہوں نے ٹی وی ڈراموں میں کام شروع کر دیا اور اپنے کیریئر کا آغاز ڈرامہ جھروکے سے کیا۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں دو سو کے قریب ٹی وی ڈراموں اور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ جمشید انصاری نے ٹیلی ویژن کے ڈراموں، انکل عرفی، تنہائیاں، زیر زبر پیش، منزلیں، افشاں، ہمارے گھر میں اور دیگر میں بہترین اداکاری سے لوگوں کے دل جیت لیے۔

دوسری شادی کرنے والے مرد پسند نہیں، مشال خان

میں شادی کے معاملے کو پرائیویٹ رکھنا چاہتی ہوں، لوگ میری شادی سے دور رہیں

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مشال خان نے کہا ہے کہ مجھے دوسری شادی کرنے والے مرد پسند نہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں پوڈکاسٹ میں شرکت کی اور اس دوران شادی سے متعلق اپنے خدشات کا اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ شادی جیسا خاص لمحہ ابھی تک نہیں آیا لیکن یہ اچانک ہو جائے گی، شادی سے متعلق جو بات میرے ذہن میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ ایک ایسی چیز ہے جسے میں نجی (پرائیویٹ) رکھنا چاہتی ہوں لیکن میں یہ کیسے یقینی بنا سکتی ہوں کہ یہ ایک نجی معاملہ ہوگا؟ میں اس بات کو کیسے یقینی بناں گی کہ لوگ میری شادی سے دور رہیں؟ اداکارہ کا کہنا تھا کہ مثال کے طور پر میں اعلان کروں گی کہ میری شادی ہو گئی ہے لیکن ساتھ ہی میں چاہتی ہوں کہ وہ اس کے بارے میں بات نہ کریں، اس پر بلاگ شیئر نہ کریں بس اسے نجی رہنے دیں۔ مشال خان نے کہا کہ شوہر کو دوسری شادی کرنے کی اجازت نہیں دوں گی کیونکہ مجھے ایسے مرد پسند نہیں جو دوسری شادی کریں، میں اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہوں کہ میرا شوہر میری زندگی میں واحد شخص ہو اور میں اس کی زندگی میں واحد عورت ہوں۔

خواہش ہے شان میرے ہیرو ہوں تو میں فلم میں کام کروں، ریشم

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ میں شان کی وجہ سے ہی فلم انڈسٹری میں آئی، میری اب بھی خواہش ہے کہ فلم میں شان میرے ہیرو ہوں تو میں کام کروں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ شان کی کوئی بھی فلم ریلیز ہوتی ہے تو میں اسے دیکھنے ضرور سینما گھر جاتی ہوں کیونکہ ان کے کام سے بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ میں نے اپنے کریئر کا آغاز ہی شان کے ساتھ کیا بلکہ میں انہی کی وجہ سے فلم انڈسٹری میں آئی۔ انہوں نے کہا کہ شان بے حد اچھا اور مخلص دوست ہے اور وہ ادا کاروں کی فہرست میں بھی وہ ایک بڑا نام ہیں۔

سینئر اداکارہ ثانیہ سعید 28 اگست کو 54 ویں سالگرہ منائیں گی

بہترین اداکارہ اور بہترین اداکارہ کے درجے میں چار لکس اسٹائل ایوارڈ بھی حاصل کیے

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ ثانیہ سعید 28 اگست کو اپنی 54 ویں سالگرہ منائیں گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ثانیہ سعید 28 اگست 1972 کو کراچی میں پیدا ہوئیں، ثانیہ سعید کے والد منصور سعید ایک سیاسی کارکن تھے اور اردو میں کتابوں، دستاویزی فلموں اور تھیٹر ڈراموں کا ترجمہ کرتے تھے۔ ثانیہ سعید نے نیٹ ورک ٹیلی ویژن مارکیٹنگ کراچی مرکز سے اپنے کام کا آغاز کیا۔ انہوں نے متعدد ڈراموں میں یادگار کردار نبھائے۔ ثانیہ سعید نے 1991 اور 2011 میں پی ٹی وی ایوارڈ برائے بہترین اداکارہ جیتا اور بہترین اداکارہ کے درجے میں چار لکس اسٹائل ایوارڈ بھی حاصل کیے۔

SPORTS سپورٹس

اب مزید کھیلنے کا کوئی فائدہ نہیں، کرن شرما کا ریٹائرمنٹ کا اعلان

کرن شرما نے بھارت کے لیے 1 ٹیسٹ، 2 ون ڈے اور 1 ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا

ممبئی (اے ایف پی) سابق بھارتی لیگ سپنر کرن شرما نے 38 سال کی عمر میں کرکٹ کے تمام فارمیٹس سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے جس کے ساتھ ہی ان کے دو دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط کیریئر کا اختتام ہو گیا۔ کرن شرما نے بھارت کے لیے 1 ٹیسٹ، 2 ون ڈے اور 1 ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا، جبکہ ان کا آخری بین الاقوامی میچ نومبر 2014 میں تھا۔ کرن شرما نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ میرا وقت مکمل ہو چکا ہے، میں 38 سال کا ہو چکا ہوں اور مجھے لگتا ہے کہ اب مزید کھیلنے کا کوئی مقصد نہیں ہے، میں جتنا زیادہ کھیلوں گا، ٹیم میں کسی نوجوان کھلاڑی کی جگہ گھیروں گا، جب آپ کو معلوم ہو کہ اب بھارتی ٹیم سے دوبارہ بلاوا کبھی نہیں آئے گا تو کھیل میں بنے رہنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اس فیصلے پر اپنے خاندان اور قریبی دوستوں سے مشورہ کیا جن کا بھی یہی ماننا تھا کہ کھیل کو خیرباد کہنے کا یہ بالکل صحیح وقت ہے۔ کرن شرما نے اپنا واحد ٹیسٹ میچ 2014 میں ایڈیلیڈ میں آسٹریلیا کے خلاف کھیلا تھا محدود بین الاقوامی کیریئر کے باوجود وہ ایک بہترین ڈومیسٹک اور ٹی ٹوئنٹی ریکارڈ کے ساتھ کرکٹ سے رخصت ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اتر پردیش، ریلوے، ودربھ اور آندھرا کی نمائندگی کرتے ہوئے 97 فرسٹ کلاس میچوں میں 270 وکٹیں حاصل کیں، اس کے علاوہ انہوں نے رائل چیلنجرز بنگلورو، ممبئی انڈینز، سن رائزرز حیدرآباد اور چنئی سپر کنگز کی جانب سے 90 سے زائد آئی پی ایل (IPL) میچز کھیلے اور 4 بار آئی پی ایل ٹرافی جیتنے والی ٹیم کا حصہ رہے۔

سیف گیمز، ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل کے وفد کا گیمز وینیوز کا دورہ

یاور حسین نے گیمز وینیوز کی تیاریوں، اسلام آباد پندرہ کھیلوں کی میزبانی کریگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں آئندہ سال ہونے والے ساؤتھ ایشین گیمز کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل کے وفد نے پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد کا دورہ کیا اور مختلف گیمز وینیوز میں انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاور حسین نے وفد کو مختلف وینیوز کا دورہ کروایا جبکہ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر عارف سعید اور سیکرٹری جنرل خالد محمود بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وفد کو ساؤتھ ایشین گیمز کے انعقاد، وینیوز کی تیاری، انتظامی امور اور دیگر ضروری اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفد نے مختلف کھیلوں کیلئے مختص وینیوز اور وہاں جاری تیاریوں کا معائنہ بھی کیا۔ پاکستان آئندہ سال 3 سے 11 اپریل 2027 تک ساؤتھ ایشین گیمز کی میزبانی کرے گا۔ گیمز کے مقابلے اسلام آباد، لاہور اور پشاور میں منعقد ہوں گے۔

21 سابق عالمی کپتانوں کا عمران خان کی صحت سے متعلق وزیراعظم کو خط

عمران خان کو طبی معائنے کیلئے ہسپتال منتقل کرنے اور ایسے میڈیکل بورڈ سے معائنہ کرانے کی ہدایت

لاہور (اے ایف پی) دنیا بھر کے 21 سابق ٹیسٹ و بین الاقوامی کپتانوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو ایک اور خط لکھ کر سابق پاکستانی کپتان اور سابق وزیراعظم عمران خان کے طبی معائنے اور مناسب علاج کا مطالبہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق کپتانوں نے خط میں کہا کہ سپریم کورٹ نے عمران خان کو طبی معائنے کے لیے ہسپتال منتقل کرنے اور ایسے میڈیکل بورڈ سے معائنہ کرانے کی ہدایت کی تھی جس میں ان کے ذاتی معالجین اور بہن ڈاکٹر عظمیٰ خان بھی شامل ہوں جبکہ ہفتہ وار خاندانی ملاقاتیں بھی بحال کی گئی تھیں۔ خط میں تشویش کا اظہار کیا گیا کہ عمران خان کا ہسپتال میں قیام صرف چند گھنٹوں تک محدود رہا اور سپریم کورٹ

افغانستان ایشین کرکٹ کونسل کی صدارت کیلئے اہل بورڈز میں شامل

ایشین کرکٹ کونسل میں مختلف نئی کمیٹیوں کے قیام کی بھی منظوری دیدی گئی

بنکاک (اے ایف پی) افغانستان کرکٹ بورڈ کو ایشین کرکٹ کونسل کی صدارت کیلئے اہل بورڈز میں شامل کر لی

بقیہ 1

ہیں، جبکہ خطاطی جیسے فنون اسلامی تہذیب وثقافت کے حسین پہلوؤں کو اجاگر کرنے کا موثر ذریعہ ہیں۔ انہوں نے نمائش کے انعقاد کو سراہتے ہوئے فنکاروں اور پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کی کاوشوں کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ نمائش میں معروف سینئر آرٹسٹ عظیم اقبال کے تخلیق کردہ فن پارے پیش کیے گئے، جن میں خوبصورت خطاطی کے ذریعے قرآنِ کریم کی آیات، اسمائے مبارکہ اور نعتیہ واسلامی کلام کو فنکارانہ انداز میں اجاگر کیا گیا۔ نمائش نے اسلامی فنونِ لطیفہ اور خطاطی سے دلچسپی رکھنے والے شائقین کو اپنی جانب متوجہ کیا، جبکہ حاضرین نے فن پاروں کی فنی مہارت، خوبصورتی اور روحانی اثر کو بے حد سراہا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی محمد شکور نے مہمانِ خصوصی، معزز مہمانوں، فنکار اور نمائش میں شرکت کرنے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر ایسی نمائشوں کا انعقاد نئی نسل کو اسلامی فنون، تہذیب وثقافت اور حضور اکرم ﷺ سے محبت کے جذبات سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے سینئر آرٹسٹ عظیم اقبال کی کاوشوں کو بھی سراہا اور کہا کہ پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی آئندہ بھی فنونِ لطیفہ اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایسی بامقصد تقریبات کا انعقاد جاری رکھے گی۔

بقیہ 2

کا ایک حل قدرتی نظام کی پانی کو محفوظ، ذخیرہ اور منظم کرنے کی صلاحیت کو بحال کرنا ہے۔ بدری پوٹھ جیسے ماحولیاتی نظاموں میں سرمایہ کاری دراصل طویل المدتی موسمیاتی پائیداری میں سرمایہ کاری ہے۔" بدری پوٹھ پر عملی کام کا آغاز "ری چارج پاکستان " کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے، جو منصوبے کے اہم زمینی ماحولیاتی موافقت (Ecosystem-based Adaptation - EbA) اقدامات میں سے ایک کو آگے بڑھاتا ہے تاکہ آبی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ، زیرِ زمین پانی کی بحالی میں بہتری اور موسمیاتی پائیداری کو مضبوط کیا جاسکے۔ یہ اقدام وسیع تکنیکی جائزوں اور حکومتی شراکت داروں اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ قریبی تعاون کے بعد کیا گیا ہے تاکہ بحالی کا عمل ماحولیاتی ضروریات اور مقامی ترجیحات دونوں کے مطابق ہو۔" ری چارج پاکستان "ایک 72.9 ملین امریکی ڈالر کا سات سالہ موسمیاتی موافقتی منصوبہ ہے جسے WWF-پاکستان، وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری، وزارت آبی وسائل کے تحت وفاقی سیلاب کمیشن کے اشتراک سے نافذ کیا جارہا ہے، اور اسے گرین کلائمیٹ فنڈ (GCF)، دی کوکا کولا فاؤنڈیشن (TCCF) اور WWF کی معاونت حاصل ہے ۔ خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان میں کام کرتے ہوئے، یہ منصوبہ سیلاب اور خشک سالی کے خطرات کو کم کرنے، زیرِ زمین پانی کی بحالی کو بہتر بنانے، تباہ شدہ ماحولیاتی نظاموں کو بحال کرنے اور ماحول دوست حل کے ذریعے پاکستان میں موسمیاتی پائیداری کو مضبوط بنانے کی کوشش کرتا ہے ۔سلمیٰ سے بدری پوٹھ مقامی آبادیوں، مویشیوں اور حیاتیاتی تنوع کے لیے ایک اہم موسمی پانی کا ذریعہ رہا ہے۔ وقت کے ساتھ، مٹی کے جمع ہونے، قدرتی بہاؤ کے راستوں کی بندش اور بندوں کے کٹاؤ کی وجہ سے اس کی پانی ذخیرہ کرنے اور برقرار رکھنے کی صلاحیت کم ہوگئی، جس سے اس کی ماحولیاتی سرگرمیاں متاثر ہوئیں اور کمیونٹیز کے لیے آبی دباؤ بڑھا۔ اس کی بحالی اس بات کا موقع فراہم کرتی ہے کہ کس طرح ماحول دوست حل کس طرح لوگوں اور ماحول دونوں کو بیک وقت فوائد فراہم کرسکتے ہیں۔" بدری پوٹھ کے اقدامات 2026 کے اختتام تک مکمل ہونے کی توقع ہے اور یہ "ری چارج پاکستان "کے تحت منصوبہ بندکئی ماحول دوست حل اقدامات میں سے پہلی ہیں۔ یہ اقدامات مل کر ظاہر کریں گے کہ کس طرح قدرتی نظام کے ساتھ ہم آہنگ ہوکر کام کرنا روایتی بنیادی ڈھانچے کی تکمیل کرسکتا ہے تاکہ پاکستان کے موسمیاتی اعتبار سے سب سے زیادہ کمزور علاقوں میں آفات کے خطرات کو کم کیا جاسکے، آبی تحفظ کو بہتر بنایا جاسکے اور طویل المدتی پائیداری کو مضبوط کیا جاسکے۔ WWF-پاکستان کے بارے میں: WWF-پاکستان کا قیام 1970 میں پاکستان میں بڑھتے ہوئے ماحولیاتی اور تحفظاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے عمل میں آیا، جو نہ صرف نباتات وحیوانات بلکہ انسانی آبادی کو بھی متاثر کرسکتے ہیں۔ WWF-پاکستان ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جو ہمارے ماحول اور قدرتی وسائل کے تحفظ، بقا اور بچاؤ کے لیے کام کررہا ہے۔ آج WWF-پاکستان 26 دفاتر کے ذریعے تقریباً 250 مخلص عملے کے اراکین کے ساتھ کام کررہا ہے۔ اس کا صدر دفتر لاہور میں ہے، اور پاکستان کے بڑے شہروں میں پانچ علاقائی دفاتر کے ساتھ ساتھ، جہاں بھی ضرورت اور تبدیلی لانے کا امکان ہو وہاں منصوبہ جاتی دفاتر بھی موجود ہیں۔

بقیہ 3

شرکت کی۔ اجلاس میں امن وامان کے لیے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیرمین متحدہ بورڈ ممبر نظریاتی کونسل پنجاب مفتی انتخاب احمد نوری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عملی کام کا آغاز "ری چارج پاکستان "کی معاونت سے کرنے جارہا ہے۔ وقت کے ساتھ، مٹی کے جمع ہونے، قدرتی بہاؤ کے راستوں کی بندش اور بندوں کے کٹاؤ کی وجہ سے اس کی پانی ذخیرہ کرنے اور برقرار رکھنے کی صلاحیت کم ہوگئی، جس سے اس کی ماحولیاتی سرگرمیاں متاثر ہوئیں اور کمیونٹیز کے لیے آبی دباؤ بڑھا۔ اس کی بحالی اس بات کا موقع فراہم کرتی ہے کہ کس طرح ماحول دوست حل کس طرح لوگوں اور ماحول دونوں کو بیک وقت فوائد فراہم کرسکتے ہیں۔" بدری پوٹھ کے اقدامات 2026 کے اختتام تک مکمل ہونے کی توقع ہے اور یہ "ری چارج پاکستان "کے تحت منصوبہ بندکئی ماحول دوست اقدام میں سے پہلی ہیں۔ یہ اقدامات مل کر ظاہر کریں گے کہ کس طرح قدرتی نظام کے ساتھ ہم آہنگ ہوکر کام کرنا روایتی بنیادی ڈھانچے کی تکمیل کرسکتا ہے تاکہ پاکستان کے موسمیاتی اعتبار سے سب سے زیادہ کمزور علاقوں میں آفات کے خطرات کو کم کیا جاسکے، آبی تحفظ کو بہتر بنایا جاسکے اور طویل المدتی پائیداری کو مضبوط کیا جاسکے۔ WWF-پاکستان کے بارے میں: WWF-پاکستان کا قیام 1970 میں پاکستان میں بڑھتے ہوئے ماحولیاتی اور تحفظاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے عمل میں آیا، جو نہ صرف نباتات وحیوانات بلکہ انسانی آبادی کو بھی متاثر کرسکتے ہیں۔ WWF-پاکستان ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جو ہمارے ماحول اور قدرتی وسائل کے تحفظ، بقا اور بچاؤ کے لیے کام کررہا ہے۔ آج WWF-پاکستان 26 دفاتر کے ذریعے تقریباً 250 مخلص عملے کے اراکین کے ساتھ کام کررہا ہے۔ اس کا صدر دفتر لاہور میں ہے، اور پاکستان کے بڑے شہروں میں پانچ علاقائی دفاتر کے ساتھ ساتھ، جہاں بھی ضرورت اور تبدیلی لانے کا امکان ہو وہاں منصوبہ جاتی دفاتر بھی موجود ہیں۔

بقیہ 4

سائٹ، گڑھی سکندر احاطہ میں ٹی سی پی، گڑھی افغاناں یونین کونسل 118، سرائے خولہ، رتہ شاہ تا ٹیکسلا جی ٹی روڈ، ڈونگی گلی سمیت مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف بیٹس پر صفائی کی صورتحال، ورکرز کی حاضری، فیلڈ میں موجودگی، ویسٹ لفٹنگ اور ڈمپ سائٹ کے انتظامات کو چیک کیا جبکہ ٹی سی پی کے حوالے سے بھی موقع پر ویری فکیشن کی، اس موقع پر تحصیل مینجر آپریشنز شہریار خان نے ایم ڈی کو ٹیکسلا میں جاری صفائی آپریشن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مختلف علاقوں میں صفائی کی صورتحال، ورکرز کی تعیناتی، ویسٹ کلیکشن، ڈرین ڈی سلٹنگ، ٹی سی پی اور ڈمپ سائٹ کے انتظامات سمیت فیلڈ آپریشن کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کیا، ایم ڈی رانا ساجد صفدر نے شہر کے مختلف علاقوں میں ڈرین ڈی سلٹنگ، سڑکوں اور گلیوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ کی صفائی اور ویسٹ لفٹنگ کے کام کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صفائی آپریشن میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، رانا ساجد صفدر نے فیلڈ میں موجود صفائی ورکرز سے ملاقات کی، ان کی حاضری اور بیٹ پر موجودگی چیک کی اور انہیں ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری، محنت اور جذبے کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ ورکرز ہی صفائی آپریشن کا بنیادی ستون ہیں، اس لیے ان کی حاضری، بیٹ پر موجودگی اور روزمرہ کارکردگی کی مؤثر نگرانی ضروری ہے۔ ایم ڈی نے دورے کے دوران ڈمپ سائٹ کا بھی تفصیلی معائنہ کیا اور وہاں ویسٹ کی منقلی، ڈمپنگ کے طریقہ کار اور مجموعی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ڈمپ سائٹ پر صفائی اور ماحولیاتی اصولوں کے مطابق تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں اور شہر سے اٹھائے جانے والے کوڑے کو بروقت مناسب طریقے سے منتقل کیا جائے۔ رانا ساجد صفدر نے ٹیکسلا کے شہریوں اور دکانداروں سے بھی براہ راست ملاقات کی اور ان سے علاقے میں صفائی کی صورتحال کے بارے میں دریافت کیا۔ شہریوں اور تاجروں سے صفائی سے متعلق مسائل اور تجاویز سنیں اور متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کا مقصد شہریوں کو صاف، صحت مند اور بہتر ماحول فراہم کرنا ہے، جس کے لیے فیلڈ آپریشن میں تسلسل اور مؤثر مانیٹرنگ انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب وژن کے مطابق صوبے کے تمام شہروں اور علاقوں میں صفائی کا معیار بہتر بنانا ترجیح ہے۔ ٹیکسلا جیسے تاریخی اور اہم شہر میں صفائی کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ صفائی کے انتظامات کا باقاعدہ اور سخت مانیٹرنگ کی جائے اور تمام علاقوں میں یکساں معیار کی صفائی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 5

کو اپنے اپنے شعبہ جات کی کارکردگی اور ورکنگ کے حوالے سے تفصیلی اور بریفنگ دی۔ اعجاز احمد نے تمام ونگز کی کارکردگی اور اعلیٰ انتظامات کو سراہتے ہوئے افسران وعملے کو محنت اور لگن سے کام جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اعجاز احمد نے واضح کیا کہ ملاوٹ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا رہا جائے گا اور انسانی صحت سے کھیلنے والوں سے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ پنجاب کو ملاوٹ مافیا سے مکمل طور پر پاک کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 6

گلشن آباد شریف، علامہ سید چراغ الدین شاہ تحریک اتحاد امہ، علامہ ڈاکٹر ظفر اقبال جلالی پرنسپل جامعہ اسلام آباد، سید عتیق الرحمن شاہ ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان، علامہ عارف حسین وحدی نائب صدر شیعہ علماء کونسل،، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ڈویلپمنٹ)، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر، ٹریفک وارڈن، ایس ایچ او تھانہ سٹی، ایس ایچ او تھانہ صدر، ایس ایچ او تھانہ کینٹ، ایس ایچ او تھانہ ترنول، ایس ایچ او تھانہ بنی، ایس ایچ او تھانہ گولڑہ، ایس ایچ او تھانہ کوہسار، ایس ایچ او تھانہ سہالہ، ایس ایچ او تھانہ روات، ایس ایچ او تھانہ کہوٹہ، ایس ایچ او تھانہ کلر سیداں، ایس ایچ او تھانہ گوجر خان، ایس ایچ او تھانہ مندرہ، ایس ایچ او تھانہ دولتالہ، ایس ایچ او تھانہ چونترا

گوجر خان 21 محفوظ زچگیاں، صحت مراکز کی کارکردگی نمایاں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کے زیر اہتمام مریم نواز ہیلتھ کلینکس و ہسپتالوں میں 1625 مریضوں کو طبی سہولیات فراہم

گوجر خان صحت سہولیات کی ریکارڈ کارکردگی، 24 گھنٹوں میں 21 محفوظ زچگیاں بڑا سنگِ میل، ڈاکٹر احسان غنی

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کے زیر اہتمام تحصیل گوجر خان میں عوام کو بنیادی اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، جہاں گزشتہ دنوں مختلف بنیادی مراکز صحت اور مریم نواز کلینکس و ہسپتالوں میں مجموعی طور پر 21 محفوظ زچگیاں کرائی گئیں۔ محکمہ صحت کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق مریم نواز ہیلتھ کلینکس جبہ، جھونگل، رامے ، ساہنگ، تھاتھی، ڈھوک سنگھوری، سکھو، جاتلی اور باولے میں بروز ہفتہ 1097 او پی ڈی (بقیہ نمبر 8)

آر پی او بابر راولپنڈی کی تھانہ چونترہ میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل قانون کے مطابق شفاف اور مقررہ وقت میں حل کیے جائیں

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے تھانہ چونترہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں نے براہ راست اپنی شکایات اور درخواستیں پیش کیں۔ آر پی او نے متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل قانون کے مطابق شفاف، غیر جانبدارانہ اور میرٹ پر مقررہ وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 35)

آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا تھانہ چونترہ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر رہے ہیں

12 ربیع الاول کے حوالے سے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ

فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کا فیصلہ، جلوسوں میں داخلہ صرف مختص پوائنٹس سے ہوگا

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی صدر انعم شیر اور ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کی زیر صدارت 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، انجمن تاجران، امن کمیٹی و کنٹونمنٹ (بقیہ نمبر 3)

آئی جی اسلام آباد کی ایس ڈی پی او سیکرٹریٹ سے ملاقات

سیکرٹریٹ سرکل میں جرائم کی روک تھام اور مؤثر پٹرولنگ یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ڈی پی او سیکرٹریٹ سرکل اے ایس پی علی رضا قریشی سے میٹنگ کی، جس میں سیکرٹریٹ سرکل کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام اور پولیسنگ سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق میٹنگ کے دوران مؤثر پٹرولنگ، جرائم کی (بقیہ نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی اپنے عملے کے ہمراہ مری شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس کا شہر اور منصوبوں کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں، شاہراہوں کی بحالی، سیوریج نظام، واٹر سپلائی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

شہر کو مزید خوبصورت بنانے، پھول لگانے اور شہریوں و سیاحوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے سخت احکامات جاری

مری (این این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اپنے عملے کے ہمراہ مری شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر مری کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر مری جناب ارشد اقبال صاحب سمیت تمام محکموں کے سربراہان موجود تھے۔ اس موقع پر انہوں نے مری شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور معیار کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مین شاہراہوں کی توسیع و (بقیہ نمبر 9)

ایس پی صدر انعم شیر کی 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے علماء سے میٹنگ کر رہی ہیں

سابقہ دشمنی پر شہری کو قتل کرنے والے 4 ملزمان گرفتار

فائرنگ کر کے شہری کے قتل کا مقدمہ، چار ملزمان کئی ماہ سے پولیس کو مطلوب تھے

راولپنڈی (این این آئی) جاتلی پولیس نے سابقہ دشمنی کی بنا پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے کے مقدمے میں مطلوب 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار افراد رواں سال اپریل سے پولیس کو مطلوب تھے۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 30)

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، 22 ملزمان گرفتار

منشیات اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 17 ملزمان گرفتار، آئس، شراب اور 11 پستول برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے جاری مؤثر کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 22 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف (بقیہ نمبر 29)

چکلالہ کینٹ کی سڑکیں کھنڈرات بن گئیں، شہری سراپا احتجاج

سڑکوں پر گہرے کھڈے، غائب مین ہولز اور ایوی ایشن بیس پل کی خستہ حالی کے باعث حادثات کا خطرہ

سکول کے اوقات میں ٹریفک جام معمول بن گیا، منتخب نمائندے کہاں ہیں؟ چکلالہ کینٹ کے شہریوں کا فوری ایکشن کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں شیر زمان کالونی، لالہ زار چوک، تلسہ روڈ، ٹاہلی موہری روڈ، غوثیہ چوک اور ملحقہ علاقوں کی اہم شاہراہیں طویل عرصے سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ جگہ جگہ گہرے کھڈے اور بعض مقامات پر مین ہولز کے ڈھکن غائب ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات اور حادثات کے خطرات کا سامنا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ چکلالہ کینٹ جیسے اہم علاقے کی سڑکیں اس قدر خستہ حال ہو چکی ہیں کہ صورتحال کسی دور دراز دیہی علاقے سے بھی بدتر دکھائی دیتی ہے۔ سکول اوقات میں ٹریفک (بقیہ نمبر 10)

چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں شیر زمان کالونی، لالہ زار چوک، تلسہ روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے

چوآسیدن شاہ، نالی روڈ 7 سال سے تباہ حالی کا شکار، فوری تعمیر کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ نالی روڈ 7 سال سے تباہ حالی کا شکار، فوری تعمیر کا مطالبہ

سڑک کی خستہ حالی کے باعث طلبہ، مریضوں اور عام شہریوں کو روزمرہ سفر میں شدید مشکلات کا سامنا

بارش کے دوران صورتحال مزید ابتر، رابطہ سڑک کی فوری بحالی سے سفری مشکلات ختم کرنے کی اپیل

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) نالی روڈ تباہ حالی کی تصویر بن گیا، آمدورفت میں مشکلات؛ حکام عملی قدم اٹھائی (عبدالجبار) چوآسیدن شاہ گاؤں نالی کے مکینوں نے نالی روڈ کی تعمیر و بحالی میں مسلسل تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری عملی اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ اہلیان علاقہ کے مطابق گزشتہ سات برس سے سڑک کی تعمیر کے حوالے سے یقین دہانیاں اور اعلانات تو سامنے آتے رہے، تاہم منصوبہ تاحال عملی شکل اختیار نہیں کر سکا، جس کے باعث خستہ حال سڑک شہریوں کے لیے مستقل مشکلات کا سبب بنی (بقیہ نمبر 12)

کار اور ٹرالر کے تصادم میں 68 سالہ خاتون جاں بحق، بزرگ زخمی

چکوال (این این آئی) لاوہ کے قصبہ ترحمہ میں کار اور ٹرالر کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 68 سالہ خاتون جاں بحق جبکہ 78 سالہ شخص زخمی ہوگیا، حادثے کے بعد ٹرالر موقع سے غائب ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو 1122 کو حادثے کی اطلاع ملنے پر اہلکار موقع پر پہنچے اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ ریسکیو اہلکاروں کے مطابق حادثہ کار اور ٹرالر کے درمیان تصادم کے باعث پیش آیا۔ حادثے کے نتیجے میں 68 سالہ نور خاتون زوجہ شیر باز، (بقیہ نمبر 20)

ایس پی صدر انعم شیر کی 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے میٹنگ

راولپنڈی (این ای این) ایس پی صدر انعم شیر کی 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے میٹنگ، میلاد کمیٹی اور علماء اکرام کی شرکت، عید میلاد النبی ﷺ پر فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا، جلوس میں انٹری کے لیے صرف مختص انٹری پوائنٹس سے ہی داخلے کی اجازت ہوگی، عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس اور سٹیج ہائے کے لیے جاری ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، امن و امان، سیکورٹی اور شہریوں کی سہولت کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا۔

اے سی کا موضع جندا عوان کا دورہ، سرکاری اداروں میں مسائل کی نشاندہی

بارش کے پانی سے متاثرہ گرلز و بوائز ہائی سکول کے مستقل حل کے لیے اقدامات شروع

چکوال (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر چکوال ڈاکٹر ارسلان سکندر نے موضع جندا عوان کا تفصیلی دورہ کر کے مریم نواز ہیلتھ کلینک، سرکاری گرلز و بوائز ہائی سکولز اور دیگر مقامات کا معائنہ کیا، مختلف مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری اقدامات کی ہدایات جاری کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر نے مریم نواز ہیلتھ کلینک کا معائنہ (بقیہ نمبر 21)

غیر قانونی گولڈ مائننگ کے خلاف کارروائی، 6 ملزمان گرفتار

غیر قانونی مائننگ میں استعمال ہونے والا سامان قبضے میں لے لیا گیا

اٹک (این این آئی) تھانہ انجرا پولیس نے غیر قانونی گولڈ مائننگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، کارروائی کے دوران غیر قانونی مائننگ میں استعمال ہونے والا سامان بھی قبضے میں لے لیا گیا جبکہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ انجرا سب انسپکٹر سجاد سلیم کی سربراہی میں پولیس نے غیر قانونی گولڈ مائننگ کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے (بقیہ نمبر 19)

بلدیہ گوجر خان کی غفلت یا نااہلی؟ وزیر اعلیٰ کا گڈ گورننس ویژن سبوتاژ

چیف آفیسر کو بارہا مطلع کرنے کے باوجود مجرمانہ خاموشی بھاری بلوں کی وصولی کے بعد بھی موٹریں خراب ہونے کا روایتی بہانہ

ٹیکس کا پیسہ کہاں جا رہا ہے؟ گلی محلے اندھیرے میں ڈوبنے پر عوامی حلقوں کا وزیر اعلیٰ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبے کے شہریوں کو دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پبلک سروس ڈیلیوری کی بہتری کے لیے دن رات کوشاں ہیں، مگر بلدیہ کمیٹی گوجر خان کے افسران کی مبینہ مجرمانہ غفلت اور نااہلی کے باعث تحصیل گوجر خان میں وزیر اعلیٰ کے گڈ گورننس ویژن اور عوامی ترجیحات کو شدید نقصان پہنچایا جا رہا ہے، جس پر عوامی حلقوں میں یہ تیکھا سوال گونج رہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کی پالیسیوں کو سبوتاژ کرنے کا ذمہ دار آخر کون ہے؟ عوامی حلقوں اور تجارتی (بقیہ نمبر 13)

ایس پی ہیڈ کوارٹرز محمد سلیم خٹک پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی

ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ اور ایس پی ہیڈ کوارٹرز محمد سلیم خٹک کی کھلی کچہری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ اور ایس پی ہیڈ کوارٹرز محمد سلیم خٹک نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 18)

خاتون کو مبینہ جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے والا ملزم قلیل وقت میں گرفتار

اٹک (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک کیپٹن (ر) علی بن طارق کی ہدایت پر تھانہ سٹی اٹک پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے خاتون کو مبینہ طور پر جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے اور نازیبا ویڈیوز بنا کر دھمکیاں دینے کے الزام میں نامزد ملزم کو قلیل وقت میں گرفتار کر لیا، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق 19 اگست 2026 کو متاثرہ خاتون نے تھانہ سٹی اٹک میں درخواست دی (بقیہ نمبر 17)

موٹر سائیکل چوری میں ملوث 2 گینگز کے 5 ملزمان گرفتار

ٹیکسلا اور گنجمنڈی پولیس کی کارروائیاں، 12 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 گینگز کے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا، کارروائی کے دوران 5 قمار بازوں کو گرفتار کیا گیا جبکہ جوئے میں ملوث تین رکنی گینگ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 6 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور ایک لاکھ 95 ہزار روپے برآمد کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضے سے 12 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور ایک (بقیہ نمبر 16)

ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، دو گینگز کے 5 افراد گرفتار 12 مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم 1 لاکھ 95 ہزار روپے برآمد

سی ٹی او اسلام آباد کا پولیس خدمت مراکز اور آسان خدمت مرکز کا دورہ

شہریوں کو بروقت، شفاف اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کاشانات اظہر خان نے مختلف پولیس خدمت مراکز اور آسان خدمت مرکز کا دورہ کر کے شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سروسز، سہولیات اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور افسران و اہلکاروں کو شہریوں کو بروقت، شفاف اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 22)

ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق کا سیف سٹی کنٹرول روم کا دورہ

سیف سٹی کیمروں کی بروقت مینٹیننس اور تکنیکی نظام ہر وقت فعال رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق نے سیف سٹی کنٹرول روم کا دورہ کیا اور ہائی سکیورٹی زون اور ڈپلومیٹک انکلیو میں نصب کیمروں کی کارکردگی، مؤثریت اور نگرانی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق نے سیف سٹی کنٹرول روم کے دورے کے دوران متعلقہ افسران سے سکیورٹی اور جدید نگرانی کے نظام کے حوالے سے بریفنگ (بقیہ نمبر 23)

ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق کا سکیورٹی ڈویژن کے متفرق اسٹور و اسٹیشنری برانچ کا اچانک دورہ۔

کندھ کوٹ، ٹی سی ایف اسکول 20 روز سے بند

سینکڑوں بچوں کا مستقبل داؤ پر، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی مبینہ بے حسی کے خلاف طلبہ کا احتجاج

اسکول فوری کھولنے کا مطالبہ، بصورت دیگر گیس فیلڈ کے مین گیٹ پر تاریخی دھرنے کا اعلان

کندھ کوٹ: (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ کے قریب گاؤں میر ہیبت خان باجکانی میں پی پی ایل گیس فیلڈ کے تعاون سے قائم ٹی سی ایف اسکول گزشتہ تقریباً بیس روز سے بند ہونے کے باعث سینکڑوں طلبہ و طالبات کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے۔ اسکول کی مسلسل بندش کے خلاف معصوم طلبہ نے ضلعی انتظامیہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اسکول فوری طور پر کھولنے اور تعلیمی سرگرمیاں بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ احتجاج کے دوران طلبہ اور علاقہ مکینوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف حکومت اور متعلقہ ادارے دیہی علاقوں میں تعلیم کے فروغ اور بچوں کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے دعوے کرتے ہیں، جبکہ دوسری جانب پہلے سے قائم تعلیمی ادارے بھی انتظامی اور مالی معاملات کے (بقیہ نمبر 1)

گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز 419 افراد کی چیکنگ

16 مشکوک افراد اور 19 موٹر سائیکلیں مزید جانچ کے لیے مختلف تھانوں منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے، اس دوران 419 افراد، 220 گھروں، 65 دکانوں، 19 ہوٹلوں، 161 موٹر سائیکلوں اور 68 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں وفاقی دارالحکومت میں (بقیہ نمبر 24)

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کاشانات اظہر خان کا پولیس خدمت مرکز G-14 کا دورہ کر رہی ہیں

عوام دوست پولیسنگ کے فروغ کیلئے خصوصی تربیتی ورکشاپ

شہریوں سے شائستہ برتاؤ اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے حوالے سے خصوصی لیکچرز

راولپنڈی (این این آئی) پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں افسران و اہلکاروں کے رویوں میں مثبت تبدیلی اور عوام دوست پولیسنگ کے فروغ کے لیے خصوصی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈی پی او ایڈمن شاہدہ یاسمین، ڈی ایس پی لیگل راشد بلال سمیت دیگر افسران نے پولیس افسران و اہلکاروں کو اخلاقی اقدار، شہریوں سے شائستہ برتاؤ اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے حوالے سے خصوصی لیکچرز دیے۔ تفصیلات کے مطابق تربیتی ورکشاپ میں پولیس افسران و اہلکاروں کے علاوہ ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس، پنجاب ہائی وے (بقیہ نمبر 25)

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کاشانات اظہر خان کی زیر نگرانی اسلام آباد ٹریفک پولیس کی وفاقی دارالحکومت میں غیر قانونی نٹفڈ شیشوں والی گاڑیوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کا اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کا دورہ

تھانہ جات میں ترقیاتی کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور سروس ڈیلیوری بہتر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے مختلف اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کا دورہ کیا اور تھانہ جات میں جاری ترقیاتی کاموں، عوامی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز پروگرام کے تحت مختلف تھانہ جات کا دورہ کیا۔ انہوں نے تھانہ جات میں قائم مختلف شعبہ جات، جاری ترقیاتی منصوبوں اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز نے تھانہ جات میں (بقیہ نمبر 26)

چکوال، ڈی پی او کا روزمرہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد

درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق نمٹایا جائے، کاشف ذوالفقار

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے سروس ڈیلیوری کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزمرہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی درخواستیں اور شکایات تفصیل سے سنیں اور متعلقہ افسران کو مسائل موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کھلی کچہری کے دوران تمام درخواست دہندگان کے مسائل سنے گئے۔ ڈی پی او چکوال نے شہریوں کی شکایات کا جائزہ (بقیہ نمبر 27)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

کلر کہار موٹروے ریسٹ ایریا میں گاڑی سے نوجوان کی لاش برآمد

چکوال (این این آئی) کلر کہار موٹروے ریسٹ ایریا میں پیر کی صبح ایک گاڑی سے تقریباً 30 سے 35 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی، ابتدائی اطلاعات کے مطابق شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ نوجوان نے مبینہ طور پر خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق متوفی کی شناخت عثمان احمد ولد وقار احمد، سکنہ پشاور کے نام سے ہوئی ہے۔ متوفی نے گاڑی کے دروازے اندر سے لاک کر رکھے تھے، جنہیں ریسکیو اور تحقیقاتی ٹیموں نے کافی تگ و دو (بقیہ نمبر 28)

منشیات فروش کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی مؤثر تفتیش اور مقدمے کی پیروی کے نتیجے میں معزز عدالت نے منشیات فروش کو سزا سنا دی۔ عدالت نے مجرم عامر کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان پولیس نے اگست 2023ء میں منشیات فروش عامر کو گرفتار کیا تھا، جس کے قبضے سے 2 کلو 260 گرام چرس برآمد ہوئی تھی۔ پولیس نے مقدمے کی تفتیش مکمل کر کے ٹھوس شواہد عدالت میں پیش کیے اور مقدمے کی مؤثر پیروی کی۔

پنجاب میں موسم گرما کی تعطیلات ختم، تعلیمی ادارے دوبارہ کھل گئے

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب بھر میں موسم گرما کی تعطیلات کے بعد آج سے تعلیمی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز ہوگیا، جس کے ساتھ ہی صوبے کے تمام سرکاری و نجی سکول دوبارہ کھل گئے۔ طویل تعطیلات کے بعد سکولوں میں ایک بار پھر رونقیں لوٹ آئیں، طلبا و طالبات خوشی اور جوش و جذبے کے ساتھ اپنے تعلیمی اداروں میں پہنچے، جبکہ اساتذہ نے (بقیہ نمبر 31)

دیامر: گلیشیئر پگھلنے سے کرلیوگاہ میں مصنوعی جھیل بن گئی

دیامر (این این آئی) دیامر کے علاقے نیاٹ ویلی میں گلیشیئر پگھلنے سے کرلیوگاہ میں مصنوعی جھیل بن گئی۔ مقامی افراد کے مطابق مصنوعی جھیل بننے سے تیار فصلوں کو نقصان پہنچا ہے، جبکہ کرلیوگاہ کے گلیشیئر میں بڑے بڑے کریکس پڑ گئے ہیں۔ مقامی افراد نے مطالبہ کیا کہ ممکنہ خطرے کے پیش نظر حکومت فوری حفاظتی اقدامات کرے اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر منظور احمد نے کہا کہ لوگوں کو جھیل سے دور رہنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جی بی ڈی ایم اے کو آگاہ کر کے (بقیہ نمبر 34)

دہشت گردوں کی فائرنگ، سڑک کی تعمیر کرنے والے 4 مزدور جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) نوشکی کے علاقے سرانان میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے سڑک کی تعمیر کرنے والے 4 مزدور جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق سڑک کی تعمیر کرنے والے مزدوروں پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق مزدوروں کی لاشیں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

پولیس کی کارروائیاں، 3 افراد گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 3 افراد کو گرفتار کر کے ایک کلو 240 گرام چرس، 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 افراد کو حراست میں لیا۔

کندھ کوٹ، ٹی سی ایف اسکول 20 روز سے بند

سینکڑوں بچوں کا مستقبل داؤ پر، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی مبینہ بے حسی کے خلاف طلبہ کا احتجاج

اسکول فوری کھولنے کا مطالبہ، بصورت دیگر گیس فیلڈ کے مین گیٹ پر تاریخی دھرنے کا اعلان

کندھ کوٹ: (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ کے قریب گاؤں میر ہیبت خان باجکانی میں پی پی ایل گیس فیلڈ کے تعاون سے قائم ٹی سی ایف اسکول گزشتہ تقریباً بیس روز سے بند ہونے کے باعث سینکڑوں طلبہ و طالبات کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے۔ اسکول کی مسلسل بندش کے خلاف معصوم طلبہ نے ضلعی انتظامیہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اسکول فوری طور پر کھولنے اور تعلیمی سرگرمیاں بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ احتجاج کے دوران طلبہ اور علاقہ مکینوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف حکومت اور متعلقہ ادارے دیہی علاقوں میں تعلیم کے فروغ اور بچوں کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے دعوے کرتے ہیں، جبکہ دوسری جانب پہلے سے قائم تعلیمی ادارے بھی انتظامی اور مالی معاملات کے (بقیہ نمبر 1)

گورنمنٹ پرائمری سکول لڑی ہچیاں میں مئی سے بجلی بند

آؤٹ سورس سکول کے بچے شدید گرمی میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور، سکول انتظامیہ ستو پی سو گئی، پانی بھی نایاب

بچے پینے کے پانی اور واش رومز کے لیے دور دراز سے پانی لانے پر مجبور، ڈپٹی کمشنر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ سے نوٹس کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) ضلع چکوال، تحصیل چوآسیدن شاہ، بمقام بشارت کے گورنمنٹ پرائمری سکول لڑی ہچیاں میں مئی 2026 سے بجلی کی فراہمی معطل ہونے کے باعث آؤٹ سورس سکول کے ننھے طلبہ شدید گرمی اور حبس میں انتہائی کٹھن ماحول میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں، جبکہ بجلی کی عدم دستیابی کے باعث پینے کے پانی اور واش رومز کے مسائل بھی سنگین ہو گئے ہیں اور بچے دور دراز مقامات سے پانی لانے پر مجبور ہیں۔ سکول انتظامیہ کی جانب سے بجلی کی بحالی کے لیے متعلقہ (بقیہ نمبر 14)

تھانہ سٹی تلہ گنگ پولیس کا جوئے کے اڈے پر چھاپہ، 5 قمار باز گرفتار

جوئے کی بازی الٹ گئی، رکشہ، موبائل فون اور داؤ پر لگی رقم سمیت لاکھوں کا سامان برآمد

چکوال (این این آئی) تھانہ سٹی تلہ گنگ پولیس نے جوئے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 قمار بازوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم، ایک رکشہ، ایک موبائل فون اور جوئے میں استعمال ہونے والا سامان برآمد کر لیا، برآمد شدہ مال کی مجموعی مالیت 4 لاکھ 89 ہزار 760 روپے بتائی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کے ہدایات کے خلاف کارروائی ایس ایچ او تھانہ سٹی تلہ گنگ انسپکٹر سمعیہ بتول نے سب انسپکٹر محمد عارف اور پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران 5 قمار بازوں کو گرفتار کیا گیا جبکہ جوئے میں داؤ پر لگی رقم، ایک رکشہ، ایک موبائل فون اور جوئے میں استعمال ہونے والا سامان قبضے میں لے لیا گیا۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-